بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

**فضیلت:** حدیث شریف میں ہے کہ جو کوئی مصیبت زدہ بارگاہِ الٰہی میں ان کلمات سے دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی دُعا قبول فرماتا ہے۔

جب حضرت یونس علیہ السّلام کو مچھلی نگل گئی تھی تو آپ نے مچھلی کے پیٹ میں اِس آیت کا ورد کیا تھا۔

# غصہ آنے کے وقت کی دُعا

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

میں شیطان مردود سے اللہ عزوجل کی پناہ چاہتا ہوں۔

**THE PRAYER AT THE TIME OF FEELING ANGER**

**I seek the refuge of Allah Almighty from the rejected Shetan**

# چھینک آنے پر دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کے لئے ہیں۔

**THE PRAYER AFTER SNEEZING**

**All praise onto Allah Almighty**

# چھینک آنے پر الحمدُللہ کہنے والے کے لئے دُعا

يَرْحَمُكَ اللهُ۔

اللہ عزوجل تجھ پر رحم فرمائے۔

THE PRAYER AFTER THE SNEEZING HAS SAID ALHAMDULILLAH

May Allah Almighty have mercy on you

# نیند سے بیدار ہونے کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کے لئے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات
(بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

THE PRAYER AFTER AWAKING FROM SLEEP

All praise onto Allah (Almighty) Who granted us life after death (sleep)
and
we are to return to him

# آئینہ دیکھتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ۔

اللہ عزوجل تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت (اخلاق) بھی اچھی کر دے۔

THE PRAYER AT THE TIME OF LOOKING IN THE MIRROR

O Allah Azzawajal as you made my outward appearance good

make my character good too

# بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

اے اللہ عزوجل میں ناپاک جنّوں (نر و مادہ) سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

**THE PRAYER BEFORE ENTERING THE TOILET**

**O Allah Almighty I seek your refuge
from
impure jinnaat (male and female)**

# وضو سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحمت والا ہے۔

THE PRAYER BEFORE PERFORMING ABLUTION (WUDOO)

Allah Azzawajal in the name of the most affectionate, the merciful

# بلندی پر چڑھتے وقت کی دُعا

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ عزوجل سب سے بڑا ہے (بے شک سب بڑائی اسی کے لئے ہے)۔

## THE PRAYER AT THE TIME OF PROCEEDING UPWARD

Allah Azzawajal is the greatest

(undoubtedly all greatness is for him)

# بلندی سے اترتے وقت کی دُعا

سُبْحٰنَ اللّٰہِ

اللہ عزوجل پاک ہے۔

THE PRAYER AT THE TIME OF DESCENDING

Glory is for Allah Azzawajal

بیت الخلاء سے باہر آنے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

اللہ عزوجل کا شکر ہے جس نے مجھ سے اذیّت دور کی اور مجھے عافیت دی۔

THE PRAYER AFTER COME OUT  OF THE TOILET

Thanks to Allah almighty Who removed pains
from
me and granted me rlief

## سواری پر اطمینان سے بیٹھ جانے پر دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔

اللہ عزوجل کا شکر ہے، پاک ہے وہ جس نے ہمارے لئے اسے (سواری کو) مسخر کیا اور ہم اس کو فرمانبردار نہیں بنا سکتے تھے۔

THE PRAYER AFTER SITTING WITH SATISFACTION ON ANY FORM OF TRANSPRT

Thanks to Allah Azzawajal. Pure is he who subdude this, othere wise we could not make this obedient

کھانا کھانے سے قبل بسم اللہ بھول جائے تو کیا دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ۔

اللہ عزوجل کے نام سے اس کے پہلے اور اس کے آخر۔

**THE PRAYER TO BE PRAYED IF ONE FORGETS TO RECITE BISMILLAH BEFORE EATING**

**Allah Azzawajal in the name of before it after it**

# کھانے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا

مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

اللہ عزوجل کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمانوں میں سے بنایا۔

THE PRAYER AFTER EATING

Thanks to Allah Azzawajal who fed us and made us among Muslims

# دودھ پینے کے بعد کی دُعا

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔

یا الٰہی عزوجل ہمارے لئے اس میں برکت دے
اور ہمیں اس سے زیادہ عنایت فرما۔

**THE PRAYER AFTER DRINKING MILK**

O Allah Azzawajal give us abundance in this and grant us more then this

# علم میں اضافے کی دُعاء

رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا

اے میرے رب عزوجل مجھے علم زیادہ دے

# پاؤں سُن ہونے کے وقت کی دُعاء

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمْ۔

اللہ عزوجل رحمتِ کاملہ نازل فرمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

# مومن سے مومن کی ملاقات کے وقت کی دُعا

السَّلَامُ عَلَيْكُمْ ۔ وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ

تم پر سلامتی ہو۔ اور تم پر بھی سلامتی ہو۔

**THE PRAYER AT THE TIME OF A MUSLIM MEETING WITH ANOTHER MUSLIM**

Peace be upon you

And peace be upon you too

# قرآن پڑھتے وقت کی دُعاء

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ عزوجل کی شیطان مردود سے۔

**THE PRAYER AT THE TIME OF RECITING THE HOLY QURAN**

I seek the refuge of Allah Azzawajal
from the rejected Satan

# ہر سورت کی اِبتداء سے پہلے پڑھنے کی دُعاء

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

THE PRAYER TO BE PRAYED BEFORE BEGINNING EVERY CHAPTER (SURAH)

Allah Azzawajal in the name of,

the most affectionate, the merciful

# سوتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى

الٰہی عزوجل میں تیرے نام پر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

## THE PRAYER AT THE TIME OF SLEEPING

O Allah (Almighty) I live and die in your name

# نماز جنازہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«مَا مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَمُوتُ فَيَقُومُ عَلٰى جَنَازَتِهِ أَرْبَعُونَ رَجُلًا لَا يُشْرِكُونَ بِاللّٰهِ شَيْئًا إِلَّا شَفَّعَهُمُ اللّٰهُ فِيهِ»

"جس مسلمان کے جنازے میں ایسے چالیس آدمی شامل ہوں جو اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہراتے ہوں تو اللہ تعالیٰ اس (میت کے حق) میں ان کی سفارش قبول کرتا ہے۔"[1]

نماز جنازہ پڑھنے کے لیے میت کی چارپائی اس طرح رکھیں کہ میت کا سر شمال کی سمت (قبلے کی دائیں جانب) اور پاؤں جنوب کی جانب ہوں، پھر باوضو ہو کر صفیں باندھیں۔

میت اگر مرد ہے تو امام (اس کے) سر کے سامنے کھڑا ہو اور اگر عورت ہے تو اس کے درمیان کھڑا ہو۔[2]

پھر دل میں نیت کر کے دونوں ہاتھ کندھوں یا کانوں تک اٹھائیں اور پہلی تکبیر کہہ کر سورۂ فاتحہ پڑھیں۔

## جنازے میں سورۃ فاتحہ

سیدنا ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نماز جنازہ میں سنت طریقہ یہ ہے کہ پہلے تکبیر کہی جائے، پھر فاتحہ پڑھی جائے، پھر نبی اکرم ﷺ پر درود اور میت کے لیے دعا کی جائے اس کے بعد سلام (پھیرا جائے۔)[1]

طلحہ بن عبداللہ بن عوف رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز جنازہ پڑھی تو آپ نے سورۃ فاتحہ پڑھی اور فرمایا: (میں نے یہ اس لیے کیا ہے) تاکہ تم جان لو کہ یہ سنت ہے۔[2]

طلحہ بن عبداللہ رحمہ اللہ کی ایک روایت میں فاتحہ کے بعد کوئی دوسری سورت پڑھنے کا بھی ذکر ہے۔[3]

معلوم ہوا کہ تکبیر اولیٰ کے بعد سورۃ فاتحہ کا پڑھنا سنت ہے۔ سورۃ فاتحہ اور کوئی دوسری سورت پڑھ کر امام کو دوسری تکبیر کہنی چاہیے اور پھر نماز والا درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد تیسری تکبیر کہہ کر ان دعاؤں میں سے کوئی دعا پڑھیں:

## پہلی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ

تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ

"اے اللہ! ہمارے زندہ اور مردے کو، چھوٹے اور بڑے کو، مرد اور عورت کو، حاضر اور غائب کو بخش دے۔ اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے، اسے اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے تو فوت کرے، اسے ایمان پر فوت کر۔ اے اللہ! ہمیں اس (میت) کے اجر سے محروم نہ رکھ اور اس کے بعد ہمیں کسی گمراہی (آزمائش) میں نہ ڈال۔"[1]

## دوسری دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهِ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ

"الٰہی! اسے معاف فرما، اس پر رحم فرما، اسے عافیت میں رکھ، اس سے درگزر فرما، اس کی بہترین مہمانی فرما، اس کی قبر فراخ فرما، اس کے (گناہ) پانی، برف اور اولوں سے دھو ڈال، اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جیسے تو نے سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا ہے۔ اسے اس کے (دنیا والے) گھر سے بہتر گھر،

(دنیا کے) لوگوں سے بہتر گھر والے اور اس کی بیوی سے بہتر جوڑا عطا فرما، اسے بہشت میں داخل فرما اور (فتنۂ قبر) عذاب قبر اور عذاب جہنم سے بچا۔"[1]

## تیسری دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِیْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ عَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ، فَاغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

"الٰہی! یہ فلاں بن فلاں تیرے ذمے اور تیری رحمت کے سائے میں ہے۔ اسے فتنۂ قبر اور آگ کے عذاب سے بچا، تو (اپنے وعدے) وفا کرنے والا اور حق والا ہے۔ الٰہی! اسے معاف کر دے اور اس پر رحم فرما، بلاشبہ تو بخشنے اور رحم کرنے والا ہے۔"[2]

## جنازے کے مسائل

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو مومن ثواب کی نیت سے کسی مسلمان کے جنازہ کے ساتھ جاتا ہے اور جنازہ ہونے اور تدفین سے فارغ ہونے تک ساتھ رہتا ہے تو اس کے لیے دو قیراط ثواب ہے۔ ہر قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے اور جو (صرف) جنازہ پڑھ کر واپس آ جاتا ہے تو اس کے لیے ایک قیراط ہے۔"[3]
- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میت کو جلد دفن کرو۔ اگر وہ نیک ہے تو جس طرف تم اسے

بھیج رہے ہو، وہ اس کے لیے فائدہ مند ہے اور اگر وہ برا ہے تو وہ بوجھ ہے جسے تم اپنی گردنوں سے اتار دو گے۔"[1]

- سنت یہ ہے کہ نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ اور دعائیں آہستہ پڑھی جائیں۔[2]
- سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے جنازے میں (تعلیماً) فاتحہ بلند آواز سے پڑھی۔[3]

لہٰذا جنازے میں امام تعلیماً اونچی آواز سے قراءت کر سکتا ہے۔

- نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ اور جو شخص جنازے کے ساتھ جائے اس وقت تک نہ بیٹھے جب تک جنازہ نہ رکھا جائے۔"[4]

- نبی اکرم ﷺ نے شہداء کو خون سمیت دفنانے کا حکم دیا، ان پر نماز جنازہ پڑھی نہ انھیں غسل دیا۔ [1]
- سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ کی چار تکبیریں روایت کیں۔ [2]
- سیدنا زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نماز جنازہ پر چار تکبیرات کہتے۔ ایک جنازے پر انھوں نے پانچ تکبیرات کہیں اور فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ اس طرح بھی کرتے تھے۔ [3]
- رسول اللہ ﷺ نے سہیل اور ان کے بھائی رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھائی۔ [4]
- سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ صہیب رضی اللہ عنہ نے مسجد میں پڑھائی۔ [5]
- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''چار مسلمان جس مسلمان کی تعریف کریں اور اچھی شہادت دیں، اللہ اسے جنت میں داخل کرے گا۔'' ہم نے عرض کیا: اور تین؟ آپ نے فرمایا: ''تین بھی۔'' ہم نے عرض کیا: اور دو؟ آپ نے فرمایا: ''دو بھی۔'' پھر ایک کے متعلق ہم نے سوال نہ کیا۔ [6]

## غائبانہ نماز جنازہ

غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا مشروع ہے اور اس کی دلیل وہ حدیث جو صحیح بخاری (حدیث: 1248,1318,1320,1327,1328,1333 وغیرہ) اور صحیح مسلم (حدیث: 951) میں نجاشی شاہ حبشہ کے حوالے سے آئی ہے۔ [7]

## قبر پر نماز جنازہ

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سیاہ رنگ کی ایک خاتون مسجد (نبوی) میں جھاڑو دیا کرتی تھی۔ وہ نظر نہ آئی تو آپ ﷺ نے اس کے بارے میں پوچھا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے بتایا

•• اور دیگر جمہور سلف صالحین اسے جائز کہتے ہیں۔ جبکہ احناف اور مالکی حضرات اسے ناجائز خیال کرتے ہیں۔ جواز کا قول راجح ہے۔ جس کی دلیل مندرجہ ذیل فرمان نبوی ہے: ''آج حبشہ سے تعلق رکھنے والا ایک نیک سیرت انسان (شاہ حبش) فوت ہو گیا ہے، آؤ ہم اس کی نماز جنازہ پڑھیں۔'' راوی کہتے ہیں کہ ہم نے صفیں درست کیں اور رسول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی، (نماز جنازہ کے وقت) ہم نے صف بندی کر رکھی تھی۔ صحيح البخاري، الجنائز، باب الصفوف على الجنازة، حديث: 1320.

صحیح بخاری کی ایک دوسری روایت میں ہے: ''رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ساتھ لے کر عیدگاہ تشریف لے گئے۔ اور وہاں چار تکبیروں کے ساتھ اس کی نماز جنازہ ادا کی۔'' الجنائز، باب التكبير على الجنازة أربعا، حديث: 1333.

بعض لوگ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ کا اہتمام اس لیے کیا تھا کہ وہ مسلمانوں کی سرزمین کے علاوہ [بِغَيْرِ أَرْضِكُمْ] غیر ملک میں فوت ہوا تھا اور اس کا جنازہ نہیں پڑھا گیا تھا۔ یہ بات عقل کے خلاف ہے کہ ایک ملک کا سربراہ مسلمان ہو اور اس کے اسلام کا چرچا بھی ہو چکا ہو لیکن وہاں اس کا ہمنوا نہ ہو حتیٰ کہ اعیان سلطنت، اہل خانہ اور دوست احباب بھی اس نعمت سے محروم رہے ہوں اور اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی گئی ہو۔ الفتح الرباني: 223/7

البتہ غائبانہ نماز جنازہ کے لیے دیگر ذرائع ابلاغ کو استعمال نہ کیا جائے جیسا کہ ہمارے ہاں آج کل رواج کے طور پر کیا جاتا ہے۔ وہاں خطابات کا بھی قطعاً اہتمام نہ ہو، ایسا کرنا رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت نہیں۔ [والله أعلم بالصواب] (حافظ عبدالستار الحماد حفظہ اللہ۔)

چونکہ نجاشی بلاد کفر میں فوت ہوا تھا جیسا کہ مسند أحمد 4/ 7 و 64 وغیرہ حدیث میں [بِغَيْرِ أَرْضِكُمْ] کے الفاظ سے ثابت ہوتا ہے۔ [بِغَيْرِ أَرْضِكُمْ] کا مطلب یہ ہے کہ وہ سرزمین مدینہ میں فوت نہیں ہوا اگر یہاں فوت ہوتا تو تم ضرور اس کا جنازہ پڑھتے، لہٰذا اس کی نماز جنازہ ادا کرنے کا اہتمام کرو۔ (عون المعبود: 198/2)، لہٰذا جو مسلمان بلاد کفر میں فوت ہو جائے، اس کا غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا بلاشبہ مشروع ہے اور جو مسلمان میت مذکورہ کیفیت کا حامل نہ ہو تو اس کا غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا بھی مذکورہ ••

# گھر میں داخل ہوتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِاسْمِ
اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِاسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔

اے اللہ عزوجل میں تجھ سے اندر آنے اور باہر جانے کی بھلائی طلب کرتا ہوں
اللہ عزوجل کے نام سے ہم اندر آئے اور اللہ عزوجل کے نام سے باہر نکلے اور
اللہ عزوجل پر جو ہمارا رب ہے ہم نے بھروسہ کیا۔

کہ وہ فوت ہوگئی ہے۔ آپ نے فرمایا: ''تم نے مجھے اطلاع کیوں نہ دی؟ مجھے اس کی قبر بتاؤ۔'' صحابہ نے آپ کو اس کی قبر بتائی۔ پھر آپ نے قبر پر نماز جنازہ پڑھی اور فرمایا: ''یہ قبریں تاریکی اور ظلمت سے بھری ہوتی ہیں۔ میری نماز کے سبب اللہ تعالیٰ ان کو روشن کر دیتا ہے۔''①

... دلیل کے عموم کی وجہ سے اور نجاشی کے ساتھ تخصیص کی صریح دلیل نہ ہونے کی بنا پر جائز ہے لیکن چونکہ نبی اکرم ﷺ، خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم و دیگر سلف کا عام معمول یہ نہیں تھا، لہٰذا نبی اکرم ﷺ اور خلفاء راشدین کے عام معمول کو اپنانا ہی افضل و بہتر ہے۔ بالخصوص جب کہ غائبانہ نماز جنازہ کو حصول شہرت اور دیگر نام نہاد سیاسی و مالی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہو۔ تفصیل کے لیے دیکھیے أحكام الجنائز للألباني، ص: 115 اور فتاویٰ الدين الخالص: 172/7. (ع۔ و)

① صحيح البخاري، الجنائز، باب الصلاة على القبر بعد ما يدفن، حديث:1337، وصحيح مسلم، الجنائز، باب الصلاة على القبر، حديث: 956. اس سے معلوم ہوا کہ مسجد کی صفائی کرنے کی بڑی فضیلت ہے، نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی اکرم ﷺ عالم الغیب نہیں تھے۔ (ع۔ و)

# گھر سے نکلتے وقت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

اللہ عزوجل کے نام سے (گھر سے نکلتا ہوں) میں نے اللہ عزوجل پر بھروسہ کیا اللہ عزوجل کے بغیر نہ طاقت ہے (گناہوں سے بچنے کی) اور نہ قوت ہے (نیکیاں کرنے کی)۔

## مسجد سے نکلتے وقت کی دُعاء

بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ط

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ۔

اللہ عزوجل کے نام سے (نکلتا ہوں) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام ہو۔

اے اللہ عزوجل میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

# " Supplication of Prophet Musa "

﴿رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي﴾ (القصص-١٦)

''اے پروردگار! میں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا تو مجھے معاف فرمادے۔''

*Rabbi innee thalamtu nafsee faighfir lee*

*" My Lord ! surely I have wronged myself, forgive me"*

**Surah Al-Qasas,Verse 16**

www.darsequran.com

بالغ مرد و عورت کی میت کیلئے دُعا

Funeral pray for the Adult male and female

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا
وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا ۔ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ
عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ

الٰہی بخش دے ہمارے ہر زندہ کو اور ہمارے ہر متوفی کو اور ہمارے ہر حاضر کو اور ہمارے ہر غیر حاضر کو اور ہمارے ہر چھوٹے
کو اور ہمارے ہر بڑے کو اور ہمارے ہر مرد کو اور ہماری ہر عورت کو الٰہی تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ
رکھ اور ہم میں سے جس کو موت دے تو اس کو ایمان پر موت دے

**"O Allah, pardon our living and our dead and our present and our absent and our young and our old and our men and women.**
**O Allah, whoever from among us lives, make him live adhering to Islam and whoever from among us dies, let him die adhering to the Faith."**

## کھانا شروع کرنے کی دعا

Before starting meal,
say this "DUA"

# بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ ط

میں نے اللہ کے نام سے اور
اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا

In the name of Allah,
because of his beneficences,
I started eating.

## اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے یہ پڑھے

If forget to say, Bismillah in the beginning,
say this "DUA" whenever remember

# بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

میں نے اس کے
اول و آخر میں اللہ کا نام لیا

I begun and ended
in the name of Allah

www.darsequran.com

کھانے کے بعد کی دعا

Recite this "DUA" after meal

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا

All Praise for the Allah who provided us meal to eat, water to drink and made us Muslim

www.darsequran.com

# AYATUL KURSI

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ
یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا
یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ
حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

ISLAMIC POSTERS
© PRODUCED & PRINTED BY ISLAMICPOSTERS.CO.UK

# 47. Adhaan

اَللّٰهُ اَكْبَرْ اَللّٰهُ اَكْبَرْ. اَللّٰهُ اَكْبَرْ اَللّٰهُ اَكْبَرْ.

Allah ﷻ is the greatest, Allah ﷻ is the greatest,

اَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهْ. اَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهْ.

I bear witness that there is no God besides Allah ﷻ.

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهْ .

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهْ .

I bear witness that Muhammad j is the messenger of Allah ﷻ.

حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةْ. حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةْ.

Come to Salaah. Come to Salaah.

(Turn the face to the right when saying these words)

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحْ. حَيَّ عَلَى الْفَلَاحْ.

Come to success, Come to success,

(Turn the face to the left when saying these words)

اَللّٰهُ اَكْبَرْ اَللّٰهُ اَكْبَرْ.

Allah ﷻ is the greatest, Allah ﷻ is the greatest,

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهْ .

There is no God besides Allah ﷻ.

*(Abu Dawood, Vol. 1, Pg. 79)*

## بالغ مرد و عورت کی میت کیلئے دعا

## Funeral pray for the Adult male and female

# اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا ۔ اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ ط وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ط

الٰہی بخش دے ہمارے ہر زندہ کو اور ہمارے ہر متوفی کو اور ہمارے ہر حاضر کو اور ہمارے ہر غیر حاضر کو اور ہمارے ہر چھوٹے کو اور ہمارے ہر بڑے کو اور ہمارے ہر مرد کو اور ہماری ہر عورت کو الٰہی تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جس کو موت دے تو اس کو ایمان پر موت دے

**"O Allah, pardon our living and our dead and our present and our absent and our young and our old and our men and women.
O Allah, whoever from among us lives, make him live adhering to Islam and whoever from among us dies, let him die adhering to the Faith."**

## مسجد میں داخل ہوتے وقت کی مسنون دعاء

# اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

(ترمذی)

ترجمہ: اے اللہ میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

# دعـــــــــــــــــــاء اذان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَ

نِالْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِىْ

وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ط اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادْ ۰

(ردالمحتار غنية، بهارِ شريعت)

islamicacademy.org

**English Tajveed:**

Allaahumma Rabba Haazihid Da'awatit Taam Mati Was Salaatil Qaiymati Aati Sayyedana Mohammada Nil Waseelata Wal Fadeelata Wad Darajatar Rafeea'ata Wab A's Hu Maqamam Mahmooda Nil Lazi Wa A't Tahoo War Zuqna Shafa A'tahu Yaomal Qiyamah. Innaka La Tukhliful Meea'ad.

(Raddul Muhtar, Bahare Shariyat)

**English Translation:**

O' Allah! The Sovereign Lord of the ever-establishing prayer and of this perfect call, grant our leader Hadrat Muhammad (peace be upon him) "Al-Waseelah" (the loftiest position of intercession) and "Al-Fadeela" (the singular Fee excellence), and the highest rank and elevate him to "Maqaam-e-Mahmood" (an exclusively praise-worthy primacy reserved only for the Holy Prophet) and bless us with his intercession on the Doomsday. Undoubtedly, You do not do anything against Your promise.

# دعائے قنوت


## Qunoot to be Recited in the Witr Salah

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ
عَلَيْكَ وَنُثْنِىْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ
مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّىْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى
وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ

الٰہی ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں
اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے، الٰہی ہم تیری ہی
عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے اور خدمت کیلئے حاضر ہوتے ہیں
اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔

I seek help from you, ask forgiveness from you, and believe in you and rely in you and praise you for all the good things and are grateful to you and we part and break off with all those who disobedient to you. O Allah, you alone do we worship and pray exclusively to you and bow before you alone and we hasten eagerly towards you and fear your severe punishment and hope for your mercy, for your severe punishment is surely to be meted out to the disbelievers.

www.darsequran.com




Join For Currect Islamic Info, **ISLAM! The Way Of Solution!**

## Imaan Mujmal (Belief in Brief)

# صِفتِ ایمانِ مُجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌ
بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ ○

*Aamanti billahi kama huwa bi asmaaihi wa sifaatihi wa qabiltu jameea ahkaamihi iqraarun billisaani wa tasdeequn bil-qalb.*

"I believe in Allah (as He is) with all His Names and Attributes and I accept all His Commands, by pledging to do them with my tongue and confirm them with all my heart."

## کھانا شروع کرنے کی دعا

Before starting meal,
say this "DUA"

بِسْمِ اللّٰهِ
وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ

میں نے اللہ کے نام سے اور
اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا

In the name of Allah,
because of his beneficences,
I started eating.

## اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے یہ پڑھے

If forget to say, Bismillah in the beginning,
say this "DUA" whenever remember

بِسْمِ اللّٰهِ
اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

میں نے اس کے
اول و آخر میں اللہ کا نام لیا

I begun and ended
in the name of Allah

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ ۰ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۰

کوئی معبود نہیں اللہ کے سوا جو عظیم ہے اور حلیم ہے، کوئی معبود نہیں اللہ کے سوا جو عرش عظیم کا رب ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۰

(بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

رنج، غم، فکر اور بے چینی دور کرنے کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

For grief, sorrow, worries and restlessness read the above Dua.

**(Bukhari, Tirmidhi, Muslim, Nisai and Ibne Maajah)**

## گھر میں داخل ہونے کی دعا

When enter the house, say this "DUA"

# اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡئَلُكَ خَیۡرَ الۡمَوۡلَجِ وَخَیۡرَ الۡمَخۡرَجِ
# بِسۡمِ اللّٰهِ وَلَجۡنَا وَعَلَی اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلۡنَا

اے اللہ میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں
ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا

Oh Allah, we ask for good entry into house and exit thereform. I entered with the name of Allah and I did have faith in the Allah

## نابالغ لڑکے کی میت کیلئے دعا

Funeral Pray for the Male Child

**اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا**
**اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا ؕ**

اے اللہ اس بچے کو تو ہمارے لئے پہلے سے جا کر انتظام کرنے والا بنا اور اس کو ہمارے لئے
اجر اور ذخیرہ اور سفارش کرنیوالا اور سفارش قبول کیا ہوا بنا"

"O Allah, Make him one who precedes us to make arrangement for us and make him our reward and our depository and make him an intercessor for us and one whose intercession You have accepted."

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا
وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً

## نابالغ لڑکی کی میت کے لیے دعا

**Funeral pray for the female child**

# اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا أَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً ط

اے اللہ اس بچی کو تو ہمارے لئے پہلے سے جا کر انتظام کرنے والی بنا اور اس کو ہمارے لئے

اجر اور ذخیرہ اور سفارش کرنیوالی اور سفارش قبول کی ہوئی بنا"

**"O Allah, Make her one who precedes us to make arrangement for us and make him our reward and our depository and make him an intercessor for us and one whose intercession You have accepted."**

## اِیمانِ مُفَصَّل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ؕ


سحری کی دُعا
وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ ط
اِفطار کی دُعا
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْکَ
تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ ط